© rasailojaraid.com

قانون کا تصور اور قانون سازی کا طریق کیا ہے؟ اور قرآن کے ساتھ حدیث کو بھی مسلمانوں کے لئے ماخذ قانون تسلیم کیا جاسکتا ہے یا نہیں؟ مولانا مودودی نے اس فیصلہ کا اُردو میں ترجمہ کرایا اور پھر چونکہ عدالت عالیہ کے فیصلہ نے اسلامی قانون کے اساسی اور اہم مسائل کو اپنے دائرہ بحث میں لے لیا تھا اس لئے خود فیصلہ کے ان اجزا پر بہت مفصل اور مدلل تبصرہ کیا۔ اس نمبر میں جو ترجمان القرآن کے خصوصی نمبر کی حیثیت سے شائع کیا گیا ہے یہ دونوں یعنی خط وکتابت اور فیصلہ پر تبصرہ یکجا کردیئے گئے ہیں۔ ڈاکٹر عبدالودود نے اپنے خطوط میں اور جسٹس محمد شفیع نے اپنے فیصلہ میں سنت کے متعلق وہی سب کچھ لکھا ہے جو منکرین حدیث بار بار کہتے رہے ہیں اور اس لئے مولانا نے بھی اپنی تحریروں میں وہی باتیں دہرائی ہیں جنھیں حدیث کے قائل علماء دسیوں مرتبہ انکار حدیث کے رد میں لکھ چکے ہیں۔ اس لئے کوئی علمی ندرت یا نئی تحقیق نہ اس میں ہے اور نہ اُس میں۔ البتہ یہ فائدہ ضرور ہوا کہ سنّت کی حمایت میں اب تک جو کچھ مولانا گیلانی، مولانا حبیب الرحمٰن اعظمی اور دوسرے حضرات لکھ چکے تھے وہ سب ایک اچھی ترتیب اور شگفتہ زبان وانداز بیان کے ساتھ ایک جگہ جمع ہوگیا اور اس حیثیت سے یہ نمبر اس لائق ہے کہ ہر صاحب ذوق مسلمان اس کا مطالعہ کرے۔

رہبرِ عالم تقطیع متوسط ضخامت ۲۰۲ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت سوا دو روپے۔ پتہ: دفتر دعوت۔ نمبر ۱۵۲۵ سوئیوالان دہلی۔ ۶

یہ روزنامہ دعوت دہلی کا خصوصی نمبر ہے اور گذشتہ ماہ ربیع الاول میں یوم مولد نبوی کی تقریب سے شائع کیا گیا تھا۔ چونکہ اس کا مقصد حضور کی حیات مقدسہ کے ان گوشوں اور آپؐ کی تعلیمات کے ان پہلوؤں کو یکجا کرنا تھا جن سے پڑھنے والوں میں دینی حس بیدار ہو۔ اس لئے اس نمبر میں نئے پرانے کی کوئی قید نہیں ہے۔ اِدھر اُدھر سے پھول چن کر ایک گلدستہ تیار کیا گیا ہے جس کی شمیم جاں نواز مشام جان ودل کے لئے سامان ضیافت ہے۔ مضامین نثر کی طرح حصہ نظم بھی اسی آب وگل سے تیار ہوا ہے اور پڑھنے کے لائق ہے

© rasailojaraid.com